## بلوچ رہنماؤں کا بہیمانہ قتل کھلا ظلم ہے، بلوچ عوام کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔الطاف حسین

## 12اپریل کو ملک بھر کے عوام اپنے بازوؤں پر سیاہ پٹیاں باندھ کر بلوچستان کے عوام سے اظہار یکجہتی کریں

## بلوچ رہنماؤں کے بہیمانہ قتل کا مذموم واقعہ ملک کے خلاف گہری سازش ہے، ملک سے محبت کرنے والے تمام لوگوں کو اس ظلم کی کھل کر مذمت کرنی چاہیے۔

## ایم کیو ایم بلوچستان کے آرگنائزر یوسف شہوانی سے ٹیلیفون پر گفتگو

لندن۔۔۔10،اپریل2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ بلوچ رہنماؤں کا بہیمانہ قتل کھلا ظلم ہے اوراس ظلم پر ہم بلوچ عوام کے غم میں برابر کے شریک ہیں اوران سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہیں اور ایم کیو ایم نے ملک بھر کے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ 12 اپریل کو بازوؤں پر سیاہ پٹیاں باندھ کر بلوچستان کے عوام سے اظہار یکجہتی کریں۔انہوں نے یہ بات آج ایم کیو ایم بلوچستان کے آرگنائزر یوسف شہوانی سے ٹیلیفون پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔یوسف شہوانی نے جناب الطاف حسین کو بلوچ رہنماؤں غلام محمد بلوچ، شیر محمد بلوچ اور لالہ منیر بلوچ کے بہیمانہ قتل سے بلوچستان کے عوام میں پائی جانے والی بے چینی اور شدید غم وغصہ سے آگاہ کیا۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کے تمام کارکنان وحق پرست عوام بلوچ رہنماؤں کے بہیمانہ قتل کی پرزورالفاظ میں مذمت کرتے ہیں اور یہ سمجھتے ہیں کہ یہ مذموم واقعہ ملک کے خلاف ایک گہری سازش ہے اور ملک سے محبت کرنے والے تمام لوگوں کو اس ظلم کی کھل کر مذمت کرنی چاہیے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ہم ظلم کو ظلم کہتے ہیں اوراس کی مذمت کرتے ہیں۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ پرامن رہیں اور صبر وضبط کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑیں۔

## سوات میں 16 سالہ مظلوم لڑکی کو طالبان کی جانب سے سرعام کوڑے مارنے کے خلاف پرامن ریلیاں منعقد کرنے پر

## ایم کیو ایم بلوچستان کے تمام ذمہ داروں اور کارکنوں کو الطاف حسین کا زبردست خراج تحسین

لندن۔۔۔10،اپریل2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سوات میں 16 سالہ مظلوم لڑکی کو طالبان کی جانب سے سرعام کوڑے مارے جانے کے واقعہ کے خلاف ایم کیو ایم کی اپیل پر بھرپور یوم مذمت منانے اوراس ظالمانہ واقعہ کے خلاف پرامن ریلیاں منعقد کرنے پر ایم کیو ایم بلوچستان کے تمام ذمہ داروں اور کارکنوں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ایم کیو ایم بلوچستان کے آرگنائزر یوسف شہوانی سے ٹیلیفون پر گفتگو کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ وہ بلوچستان کے تمام کارکنوں کو میری طرف سے شاباش اور خراج تحسین پہنچائیں۔

## پاکستان کی بقاء خطرے میں ہے سیاسی مفادات سے بالاتر ہوکر پاکستان کو بچانے کی جدوجہد کی جائے۔الطاف حسین

## ملک اس قدر خطرات میں گھرا ہوا ہے اور مفاد پرست سیاسی عناصر اقتدار کی سیاست میں مصروف ہیں

## طالبان اسلام کے نام پر جو دہشت گردی کررہے ہیں اس سے اسلام کی خدمت نہیں بلکہ دنیا بھر میں اسلام کی بدنامی ہورہی ہے

## طالبان سرحد کے بعد پنجاب میں بھی طالبانائزیشن چاہتے ہیں اور پنجاب کی ماؤں بہنوں کو بھی ظلم وبربریت کا نشانہ بنانا چاہتے ہیں

## پنجاب کی ماؤں بہنوں کو یقین دلاتا ہوں کہ ایم کیو ایم پنجاب کے کارکنان انہیں کسی بھی قیمت پر ظلم وبربریت کا نشانہ بننے نہیں دینگے

## پنجاب کے اضلاع بہاولنگر، شیخوپورہ، رحیم یارخان، خانیوال اور کوٹ ادو میں کارکنوں، ذمہ داروں، طالبعلموں اور خواتین سے ٹیلیفون پر علیحدہ علیحدہ گفتگو۔سوات کے واقعہ پر بھرپور یوم مذمت منانے پر تمام ذمہ داروں، کارکنوں اور ہمدرد ماؤں بہنوں اور بزرگوں کو زبردست خراج تحسین۔پنجاب میں کئی سیاسی کارکنوں، طالبعلموں، خواتین اور بزرگوں کی ایم کیو ایم میں شمولیت کا اعلان

لندن۔۔۔10،اپریل2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ پاکستان کی بقاء وسلامتی خطرے میں ہے اور وقت آگیا ہے کہ ہم سیاسی مفادات سے بالاتر ہوکر پاکستان کو بچانے کی جدوجہد کریں۔انہوں نے یہ بات پنجاب کے اضلاع بہاولنگر، شیخوپورہ، رحیم یارخان، خانیوال اور کوٹ ادو میں کارکنوں، ذمہ داروں، طالبعلموں اور خواتین سے ٹیلیفون پر علیحدہ علیحدہ گفتگو کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پر کئی سیاسی کارکنوں، طالبعلموں، خواتین اور بزرگوں نے ایم کیو ایم میں شمولیت کا اعلان کیا۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ طالبان اسلام کے نام پر دہشت گردی کی جو کارروائیاں کر رہے ہیں اس سے اسلام کی خدمت نہیں ہورہی

بلکہ دنیا بھر میں اسلام کی بدنامی ہورہی ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ کونسا اسلام ہے کہ چکوال میں امام بارگاہ پرخودکش حملہ کرکے وہاں عزاداری کرنے والے مسلمانوں کے خون سے ہولی کھیلی جائے؟ یہ کونسا اسلام ہے کہ جمرود میں نماز جمعہ کی ادائیگی کرنے والے نمازیوں کوخودکش حملہ کرکے نمازیوں کوشہید کردیا جائے اور مسجد کوتباہ کردیا جائے؟ لڑکیوں کے اسکولوں اور کالجوں کو بموں سے اڑادیا جائے؟ قوم کی معصوم بیٹیوں کوسرعام کوڑے مارے جائیں؟ فوج، رینجرز، ایف سی اور پولیس کی چوکیوں، کیمپوں اور قافلوں پرخودکش حملے کرنا، انہیں شہید وزخمی کرنا کونسا اسلام ہے؟ انہوں نے کہا کہ یہ اسلام نہیں بلکہ کھلی دہشت گردی ہے اور امن پسند اور احترام انسانیت پریقین رکھنے والا کوئی بھی فرد اس دہشت گردی کی حمایت نہیں کرسکتا؟ جناب الطاف حسین نے کہا کہ طالبان کا مقصد اسلام کی خدمت کرنا نہیں بلکہ وہ ملک توڑنا چاہتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ طالبان صوبہ سرحد کے بعد اب پنجاب میں بھی دہشت گردی کی کارروائیاں کررہے ہیں اور وہ پنجاب میں بھی طالبانائزیشن چاہتے ہیں اور صوبہ سرحد کی ماؤں بہنوں کی طرح پنجاب کی ماؤں بہنوں کو بھی ظلم وبربریت کا نشانہ بنانا چاہتے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے اجلاسوں میں موجود خواتین کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ میں اپنی پنجاب

کی ماؤں بہنوں کو یقین دلاتا ہوں کہ ایم کیوایم پنجاب کے کارکنان کسی بھی قیمت پر اپنی ماؤں بہنوں کو ظلم وبربریت کا نشانہ بنانے نہیں دیں گے۔انہوں نے کہا کہ یہ بات افسوسناک ہے کہ ملک اس قدر خطرات میں گھرا ہوا ہے اور مفاد پرست سیاسی عناصر اقتدار کی سیاست میں مصروف ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کو جاگیردار یا وڈیرے نہیں بلکہ غریب ومتوسط طبقہ کے عوام ہی بچاسکتے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے سوات میں 16 سالہ مظلوم لڑکی کو طالبان کی جانب سے سرعام کوڑے مارے جانے کے ظالمانہ واقعہ کے خلاف انتہائی مختصر نوٹس پر بھرپور یوم مذمت منعقد کرنے اور پرامن ریلیاں منعقد کرنے پر ایم کیوایم پنجاب کے تمام اضلاع کے تمام ذمہ داروں، کارکنوں اور ہمدرد ماؤں بہنوں اور بزرگوں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے والے طالبعلموں، سیاسی کارکنوں اور خواتین کی ایم کیوایم میں شمولیت کا خیرمقدم کیا اور انہیں مبارکباد پیش کی۔

## ایم کیوایم کی نومنتخب اراکین رابطہ کمیٹی کے ارکان نے شہداء قبرستان اور پاپوشنگر قبرستان جاکر فاتحہ خوانی کی

کراچی۔۔۔10اپریل2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے نومنتخب اراکین رضا ہارون، ڈاکٹر صغیر احمد، توصیف خانزادہ، کیف الوریٰ، شاکر علی، انیس ایڈوکیٹ، سلیم تاجک، کنور خالد یونس، ڈاکٹر علی حسین اور سیف یار خان نے جمعہ کے روز عزیز آباد کے شہداء قبرستان اور پاپوشنگر قبرستان جاکر قائد تحریک جناب الطاف حسین کے والدہ خورشید بیگم مرحومہ، والد نذیر حسین مرحوم، بھائی ناصر حسین شہید اور بھتیجے عارف حسین شہید سمیت تمام حق پرست شہداء کی قبروں پر حاضری دی اور فاتحہ خوانی کی۔نومنتخب اراکین رابطہ کمیٹی کچھ دیر وہاں رہے اور انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے قبروں پر پھولوں کی چادریں بھی چڑھائی، تحریک کی کامیابی اور قائد تحریک الطاف حسین کی درازی عمر کیلئے دعائیں بھی کیں۔

☆☆☆☆☆